وصرح به فخر الدین الرازی ان الله تعالی انما اراد بترغیبکن الی العفة والصلاح نفعکن وانهاب الرجس عنکن وهذا لا یدل علی ارادة انهاب الرجس عنهن فی الازل بل علی ارادة اذهابه عنهن بعد الترغیب

وبنته ❊ وسبطیه ثم المقتدی المرتضی علی ❊ وعن ابی الحمراء قال شهدت النبی صلی الله علیه وآله وسلم سبعة اشهر او قال ثمانیة اشهر کلما خرج الی الصلوة مر علی باب فاطمة علیها السلام فقال السلام علیکم یا اهل البیت الصلوة یرحمکم الله انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا وعن المعرور بن سوید قال کنت بالمدینة حین بویع عثمان فرأیت رجلا وهو یصفق باحدی یدیه علی الاخری فقلت ما شانک یا هذا قال عجبا لقریش واستیثارهم بهذا الامر عن اهل هذا البیت الذی انزل الله هذه الآیة انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا اهل بیت النبوة ومعدن الفضیلة ونجوم الارض ونور البلاد والله ان فیهم رجلا ما رأیت رجلا بعد محمد صلی الله علیه وآله وسلم اقول بالحق

والتذکیر فلا یدل علی العصمة وفیه ان اذهاب الرجس
فعله تعالی وارادة الله تعالی واجب الوقوع مطلقا
عند الجمهور وعند الامامیة اذا کان من افعاله تعالی
کما صرح به العلامة الحلی فی کتاب النهایة وقد صدر

ولا اقضی بالعدل ولا آمر بالمعروف منه قلت من انت
یرحمك الله قال انا المقداد بن عمرو قلت من هذا الذی
ذکرت قال ابن عم رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم
علی بن ابی طالب قال فلثبت ماشاء الله ثم لقیت ابا ذر
فحدثته بما قال المقداد فقال صدق اخی لا یقال صدر
الآیة وعجزها یدلان علی انها نزلت فی شان ازواج النبی
صلی الله علیه وآله وسلم لا فی شان الخمسة المذکورین لانا
نقول یاباه تذکیر الضمیر فی عنکم ویطهرکم وهذا النقل
الصحیح المشهور المتقدم آنفا والخروج من حکم الی
حکم آخر فی القرآن کثیر جدا لیس هذا موضع بسطه
ترجمہ چونتیسویں حدیث وہ ہے جس کو ابوسعید خدری نے روایت کیا
ہے آیہ تطہیر انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل
البیت ویطهرکم تطهیرا کے متعلق ہے کہا انھوں نے کہ آیت
مذکورہ نازل ہوئی پانچ بزرگواروں کی شان میں جناب رسول خدا صلی الله

عن بعض الازواج بعد الترغیب والتذکیر ایضا ماھو رجس واثم وفاقا فلو کان المقصود من الآیۃ ارادۃ اذھاب الرجس عنھن بعد الترغیب ما صدر عنھن بعدہ ما ینافی ذلک فلا نظام لبیان النظم علی الوجہ المذکور و

علیہ وآلہ وسلم اور علی اور فاطمہ اور حسنین علیہم الصلاۃ والسلام اور عمر بن ابی سلمہ سے کہ جو پروردہ جناب رسولخدا صلعم ہیں وہ کہتے ہیں کہ آیۂ تطہیر جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر گھر میں جناب ام سلمہ رضؓ کے نازل ہوئی پس آنحضرتؐ نے جناب فاطمہ زہرا اور حسنین علیہم السلام کو طلب فرمایا اور اُن کو کساء اُڑھادی اور علی پس پشت آنحضرتؐ کے تھے۔ پھر فرمایا بار الہا یہی میرے اہلبیت ہیں پس تو ان سے رجس کو دُور رکھ اور ان کو پاک رکھ جو حق ہے پاک رکھنے کا حضرت ام سلمہ رضؓ نے کہا کہ یارسول اللہ اور میں بھی ان اہل بیت کے ساتھ ہوں آنحضرت نے فرمایا کہ تم اپنے مقام پر رہو تمھارا مآل بخیر ہے اور اس حدیث کو ام سلمہ رضؓ نے بھی روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنین اور علی و فاطمہ کو چادر اُڑھادی اور فرمایا کہ بار الہا یہی ہیں میرے اہلبیت اور اقارب قریبہ میرے اور دوسری روایت میں ہے کہ ام سلمہ کہتی ہیں کہ آنحضرتؐ نے علی و فاطمہ و حسنین علیہم السلام کو ہماری چادر خیبری سے چھپایا اور سوائے سفیدی دست

ایضا ان ما قبل الآیۃ وان اختص بالزوجات لکن
الآیۃ مختصۃ بالمذکورین لان الخطاب بلفظ الذکور
وما قیل من ان التذکیر لا ینفی ارادتہن بل حصرھا فیہن
کما ذکرہ فخرالدین الرازی وصاحب التحصیل مدفوع

مبارک اور ہتھیلی آں جناب کے اور کچھ باہر سے نہیں نظر آتا تھا اور
وہ جناب ارشاد فرماتے تھے کہ بارخدایا یہی ہیں میرے اہلبیت
اور نیکوکاران اقارب قریبہ میرے اور پاکیزگان اصل میری جو
میرے گوشت وخون سے پیدا ہوئے ہیں خدایا ان سے رجس کو دُور
رکھ اور ان کو پاک رکھ جو حق پاک رکھنے کا ہے ام سلمہ رض فرماتی ہیں
کہ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اور میں بھی آپ سب کے ساتھ
ہوں فرمایا تم نیکی کی طرف ہو اور تم میری بہترین ازواج سے ہو اور
انھیں حضرات کے بارے میں شاعر نے نظم کیا ہے **اشعار**

علی اللہ فی کل الامور توکلی — وبالخمس من آل العباء توسلی
محمد المبعوث حقا وبنتہ — وسبطیہ ثم المقتدی المرتضی علی

اور ابی الحمرا سے منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے سات مہینے تک یا
ابی الحمرا نے بیان کیا ہے کہ آٹھ مہینے تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم کو دیکھا ہے کہ جب نماز کے لیے برآمد ہوتے تھے تو دروازۂ جناب
سیدہ سلام اللہ علیہا سے گذرتے تھے اور فرماتے تھے السلام علیکم

بما مرّ من انہ لا قائل بالترکیب وایضاً الطہارۃ
فی الآیۃ تقتضی العصمۃ کما بیّنّاہ فلا یمکن شمول
الآیۃ لھنّ لعدم عصمتھن بالاتفاق قال بعض الفضلاء
الحق انھن لوکنّ معیّنات لما خرجت عائشۃ علی الاسلام

اھل البیت الصّلوۃ یرحمکم اللہ انّما یرید اللہ لیذھب
عنکم الرجس اھل البیت ویطھّرکم تطھیرا۔ یعنی
سلام خدا ہو تم پر اے اہلبیت رسول نماز کا وقت ہے خدا تم پر
رحمت نازل کرے یہی خدا ارادہ کرتا ہے اے اہل بیت رسول کہ
تم سے ہر عیب و گناہ کو دور رکھے اور تم کو ایسا پاک و پاکیزہ رکھے جو
حق ہے پاک رکھنے کا۔

اور معرور بن سوید سے روایت ہے وہ بیان کرتا ہے کہ میں
اُس وقت مدینہ میں موجود تھا جبکہ عثمان کی بیعت کی گئی تھی پس
میں نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر افسوس
سے مارتا ہے میں نے اُس سے کہا کہ اے شخص تیری یہ کیا حالت
ہے اُس نے جواب دیا تعجب ہے قریش پر اور اُن کے منفرد ہو جانے پر
خلافت کے ساتھ پھیر کر اہل بیت علیہم السلام سے کہ جن کے بارے میں
خداوند عالم نے یہ آیہ مبارکہ انّما یرید اللہ لیذھب عنکم
الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا نازل فرمائی ہے یہی

وعصت الامام وانی رحبس اعظم من ذلك علی انه
ذکرہ الشیخ ابن حجر المتاخر فی الباب العاشر من کتاب
الصواعق المحرقة له ما یدل علی ان المراد باهل البیت
فی امثال هذه الآیة عترته ذریته دون الازواج حیث قال

بزرگوار اہلبیت نبوت ہیں اور معدن فضیلت ہیں اور زمین کے لیے
بجائے ستاروں کے ہیں اور نور بلاد ہیں قسم بخدا ایک شخص ان میں
ایسا ہے کہ نہیں دیکھا میں نے بعد جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ و
آلہ وسلم کے اُس سے زیادہ حق گو اور نہ اس سے بہتر فیصلہ کرنے والا
عدالت کے ساتھ اور نہ اس سے زیادہ نیکی کا حکم کرنے والا۔ راوی
کہتا ہے کہ میں نے اُس سے سوال کیا کہ تم کون شخص ہو خدا تم پر
رحمت نازل کرے، اُنھوں نے جواب دیا کہ میں مقداد ابن عمرو ہوں
میں نے کہا کہ یہ کون ہیں جن کی بابت تم ذکر کر رہے تھے اُنھوں نے
جواب دیا کہ یہ بزرگوار ابن عم رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب
علی بن ابی طالبؑ ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ ایک عرصہ کے بعد
میں نے جناب ابوذر سے ملاقات کی اور مقداد کی اس حدیث کو
اُن سے بیان کیا تو ابوذر نے فرمایا کہ سچ کہا ہے میرے بھائی مقداد نے
جمال الدین محدث مصنف کتاب اربعین بیان کرتے ہیں کہ یہ نہیں
کہا جاسکتا ہے کہ صدر آیت اور مابعد آیت دلالت کرتا ہے اس امر پر

فی مسلم عن زید بن ارقم انہ صلعم قال اذکرکم اللہ فی اہل بیتی قلنا لزید من اہلبیتہ نسائہ قال لا ایم اللہ ان المراءۃ تکون مع الرجل العصر من الدھر ثم یطلقھا فترجع الی ابیھا وقومھا اہلبیتہ اصلہ وعصبتہ الذین حرموا الصدقۃ بعدہ وھو مذکور

کہ آیہ تطہیر ازواج نبی کی شان میں نازل ہوئی ہے اور خمسہ نجبار مذکورین علیہم السلام کی شان میں نہیں نازل ہوئی ہے کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ تذکیر ضمیر عنکم ویطہرکم میں اس امر کا انکار کرتی ہے کہ اس آیت سے ازواج نبی مراد لیے جائیں اور یہ حدیث صحیح مشہور ہے کہ جو ابھی گذری یہ بھی انکار کرتی ہے شان ازواج میں نازل ہونے کو اور قرآن مجید میں ایک حکم سے دوسرے حکم کی طرف خروج بکثرت موجود ہے کہ یہ مقام اُس کی تفصیل کا نہیں ہے اور مصنف کتاب اربعین جمال الدین محدث عطاء اللہ بن فضل اللہ الحسینی مولف کتاب روضۃ الاحباب اکابر محدثین اہلسنت سے ہیں اور اُن کی جلالت وعظمت کتاب حبیب السیر غیاث الدین واسماء الرجال شیخ عبدالحق دہلوی در شرح مشکوۃ ملا علی قاری ونزد سینہ شتوانی ور رسالہ اصول حدیث شاہ عبدالعزیز دہلوی ومدارج الاسناد محمد القنی صفوی وکتاب حطہ تصنیف نواب صدیق حسن خاں وغیرہ سے ظاہر ہے۔ اور ان کا ترجمہ کتاب مستطاب

فی جامع الاصول ایضا واقول یفھم من قول زید ان
المرٔۃ تکون مع الرجل العصر من الدھر الخ ان اطلاق
اھل البیت علی الازواج لیس علی اصل وضع اللغۃ وانما
ھو اطلاق مجازی ویمکن ان یکون مرادہ ان الذی یلیق
ان یراد فی امثال ھذا الحدیث من اھل البیت اصلہ و

عبقات الانوار فی امامۃ الائمۃ الاطہار

من مصنفات رئیس المتکلمین آیۃ اللہ فی العالمین وحجۃ علی الجاحدین جناب
مولانا السید حامد حسین فردوس مآب میں مفصل مذکور ہے ختم ہوا۔ قول
مترجم رسالہ آیہ تطہیر اور اس امر کی وجہ کہ یہ آیہ مبارکہ عصمت پر دلیل
ہے یہ ہے کہ آیت مذکورہ دلالت کرتی ہے ناپاکی کے دور کرنے پر اور
ناپاکی وہ گناہ ہیں کہ جن سے گناہ کرنے والے کی آبرو نجاست سے آلودہ
ہو جاتی ہے جس طرح سے کہ اُس کا بدن نجاسات کی وجہ سے آلودہ ہو جاتا
ہے اور یہ آیت دلالت کرتی ہے پاکیزہ کرنے پر بہ سبب ملازمت تقوی کے
ایسا تقوی کہ جس سے آبرو پاک ہوتی ہے جس طرح سے کہ بدن طہارت
کرنے سے پاک ہو جاتا ہے مع اُن موکدات کے کہ اس آیہ کریمہ میں ہیں،
مثل لفظ انما کے جو دلالت کرتا ہے حصر پر اور مثل خبر دینے کے کہ خداوند
عالم ارادہ کرتا ہے کہ اہل بیت علیہم السلام سے رجس کو دُور رکھے اور اُن کو
پاک و پاکیزہ رکھے اور ارادہ باری تعالےٰ واقع ہونے والا ہے ہر حال میں اور

عصبة الذین لا یزول نسبتهم عنه ۲ صلا د وں الازواج وعلی التقدیرین فهو موید لمطلوبنا **الثانی** ان اهل البیت فی اللغة مختص بالازواج ففی العدول الی غیرهن مخالفة لوضع اللغة **والجواب** عنه انا لا نسلم ان اهل البیت فی اللغة مختص بالازواج ولو کان کذلک لما سالت ام سلمہ رض

مثل تاکید کے ساتھ ذکر تطہیر کے اور وہی بری قرار دینا ہے اہلبیت علیہم السلام کا ہر گناہ اور ہر امر قبیح سے جیسا کہ اس مطلب کو مصنف کتاب مجمل نے ذکر کیا ہے اور اس کی تائید کرتا ہے وہ کلام جس کی تصریح کی ہے فخر الدین رازی نے اپنی تفسیر میں اور دیگر علمار اہل سنّت نے اور اپنی دیگر کتب میں (اور یہ تاکید واقع ہوئی ہے تطہیر کے ذکر کے ساتھ بعد اذہاب رجس کے جو تطہیر سے جدا نہیں ہے) اور پھر تاکید کی گئی ہے اس آیہ مبارکہ میں مصدر سے اور معنی عصمت کے نہیں ہیں مگر وہ حالت کہ جس کو خداوند عالم عطا کرتا ہے اُس شخص کے لیے جس کے حال پر اُس کی توجہ ہوتی ہے اس طرح سے کہ پھر وہ گناہوں اور معاصی سے نزدیکی نہ کرے اور یہ بات واضح و روشن ہے اگر گوش شنوا تک پہونچ جائے (یعنی پوری توجہ کی جائے) اور ناپاکی دُور کرنے سے یہ مراد نہیں ہے کہ جو رجس موجود ہو وہ دُور کیا جائے بلکہ رفع کرنا ہے اُس سبب کا جو موجب رجس ہے اور دلیل اس امر پر یہ ہے کہ حسنین علیہما السلام بوقت نزول آیہ مذکورہ بچے تھے کہ

النبیؐ صلعم عن دخولها فیهم کما فی روایته عن الترمذی وصاحب المصابیح ولو سلّم فنقول النقل جائز بل یجب ارتکابه عند وجود الدلیل والدلیل ههنا موجود وهو الاخبار المذکورة **الثالث** ان ما ذکر من الاحادیث معارض بما روی ان امّ سلمة قالت لرسول الله صلعم الست من اهل البیت فقال

جن میں کوئی رجس متصور نہیں ہو سکتا ہے پس معلوم ہوا کہ مراد متصف نہ ہونا ہے اُن بزرگواروں کا رجس سے (نہ یہ کہ رجس کے ساتھ متصف ہوں اور پھر رجس دُور کیا جائے) پھر اب اس مقام پر قوم اہلسنّت کے لیے چند اعتراضات ہیں۔ پہلے یہ کہ سیاق آیت انکار کرتا ہے اس بات سے کہ یہ آیت محمول آل عبا علیہم السلام پر ہو اس وجہ سے کہ ماقبل آیت اور مابعد آیہ خطاب ہے ازواج نبی صلعم سے **جواب** اس اعتراض کا یہ ہے کہ بعد تسلیم کر لینے اس امر کے کہ لفظ اہلبیت سے مراد ازواج ہو سکتی ہیں (یعنے یہ امر مسلم نہیں ہے اور اگر تسلیم بھی کر لیا جائے تو) کوئی مضائقہ نہیں ہے کہ یہ بطریق التفات ہو طرف جناب رسالتمآب صلعم اور اُن کے اہل بیت کے اس معنے سے کہ ازواج کا تادیب کرنا اور اُن کو نیکی کی طرف رغبت دلانا یہ امر اہلبیت علیہم السلام سے رجس اور عیب دُور کرنے کے توابع یعنے ملحقات سے ہو پس نظم و ترتیب آیت اس بنا پر یہ ہو گا کہ خداوند عالم نے ازواج نبی صلعم کو رغبت دلائی ہے کہ وہ پارسائی اور نیکی اختیار کریں

بلی انشاء اللہ والجواب انا لا نسلّم صحّۃ سندھا و لو سلم نقول انّ کونھا من اھل البیت قد علّق فیھا بمشیۃ اللہ تعالیٰ فلا تکون من اھل البیت جزماً والمذھب عنھم الرجس من ھم اھل البیت جزماً مع انھا لو کانت منھنّ لما سالتہ لانھا من اھل اللسان والترجیح معنا بعد التعارض وھو ظاہر

اس طرح پر کہ ضرور ارادہ کیا ہے خداوند عالم نے ازل میں کہ اے اہلبیت رسول تم کو معصوم قرار دے اور یہ بات مناسب ہے کہ جو منسوب معصوم کی طرف ہو وہ عفیف اور صالح ہو جیسا کہ جناب باری تعالےٰ نے ارشاد فرمایا ہے الطیّبات للطیّبین یعنے پاکیزہ کلمے پاکیزہ لوگوں کے لیے ہیں اور حاصل نظم آیت جیسا کہ اہل سنّت نے سمجھا ہے اور فخر الدین رازی نے اس کی تصریح کی ہے یہ ہے کہ اے ازواج نبی خداوند عالم تمھاری رغبت دلانے سے عفّت وصلاح کی طرف تمھارا نفع چاہتا ہے اور یہ ارادہ کرتا ہے کہ تم سے رجس کو دُور کرے حالانکہ یہ امر نہیں دلالت کرتا ہے کہ خداوند عالم ارادہ کرتا ہے کہ ازواج سے رجس کو دور کرے ازل میں بلکہ اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ خدا رجس کو ازواج سے دور کرنے کا ارادہ کرے گا بعد رغبت دلانے اور تنبیہ کرنے کے پس یہ آیہ ازداج کی عصمت پر دلیل نہ ہوگا اور اس نظم پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ رجس کا دور کرنا فعل باری تعالےٰ ہے اور ارادہ باری تعالیٰ واجب الوقوع ہے مطلقاً جمہور کے نزدیک اور

الرابع ان ظاهر الآیة یدل علی حصر ارادۃ اذھاب الرجس عن اھل البیت مع ظھورہ انہ اراد اذھابہ عن کل احد فلابد من صرف الکلام عن ظاہرہ وحینئذ لایصیر حجۃ فیما قصدہ الامامیۃ **والجواب** انا لا نسلم انہ تعالیٰ اراد اذھاب الرجس عن کل احد اذ مراد اللہ تعالیٰ واجب الوقوع فی افعالہ اتفاقا ولا شک ان اذھاب الرجس فعلہ تعالیٰ فلو کان مرادہ تعالیٰ اذھابہ عن کل احد لکان الرجس منفیا عن کل والتالی باطل والمقدم مثلہ

فرقہ امامیہ کے نزدیک جبکہ وہ ارادہ متعلق ہو افعال باری تعالے سے جیسا کہ جناب علامہ حلّی علیہ الرحمہ نے کتاب النہایہ میں اس کی تصریح فرمائی ہے اور بہ تحقیق کہ بعض ازواج سے بعد ترغیب وتذکیر (یعنی یاددہی) بھی ایسے افعال سرزد ہوئے کہ جو رجس وگناہ ہیں اور یہ امر متفق علیہ ہے پس اگر اس آیہ مبارکہ سے یہ مقصود ہوتا کہ ازواج نبی سے خداوند عالم ارادہ کرتا ہے رجس کے دُور کرنے کا بعد ترغیب تو کبھی اُن سے بعد ترغیب کوئی ایسی چیز صادر نہ ہوتی کہ جو منافی ہو ارادہ خدا کے۔ پس ثابت ہوا کہ جس طرح سے نظم آیات اہل سنّت نے بیان کیا ہے بوجہ مذکورہ کسی طرح درست نہیں ہو سکتا اور بھی یہ بات ہے کہ ماقبل آیہ تطہیر کے اگرچہ مخصوص ہے ذکر ازواج سے لیکن یہ آیہ مبارکہ مخصوص ہے خمسۂ نجباء علیہم السلام سے کیوں کہ اس میں خطاب بلفظ تذکیر ہے اور یہ جو کہا گیا ہے کہ تذکیر ازواج نبی صلعم کے ارادہ کی نفی کرتی ہے بلکہ تذکیر ازواج میں منحصر

نعم ان الله تعالیٰ اراد ذہاب الرجس عن کل احد لا اذہابہ فمنشاء الغلط عدم التفرقۃ بین ارادۃ الذہاب والله اعلم بالصواب وایضا فقولہ تعالیٰ یرید اللہ لیبین لکم وقولہ تعالیٰ یرید بکم الیسر لفظ عام فی الآیتین فلو لم یکن بین الارادۃ المذکورۃ فی آیۃ

ہونے کی نفی کرتی ہے جیسا کہ اس مطلب کو فخر الدین رازی اور صاحب کتاب تحصیل نے ذکر کیا ہے پس یہ امر مردود ہے اس امر سے کہ سابقاً گذرا کہ کوئی شخص مفسرین سلف سے اس بات کا قائل نہیں ہے کہ اس آیہ کریمہ سے آل عبا علیہم السلام اور ازواج دونوں مرکب ہوکر مراد ہوں نیز یہ ذکر طہارت مقتضی ہے عصمت کا جیسا کہ ہم نے اس کو بیان کیا ہے پس یہ ناممکن ہے کہ اس آیت میں ازواج شامل ہوں کیونکہ وہ معصوم نہیں ہیں بالاتفاق بعض فضلاء فرماتے ہیں کہ حق یہ ہے کہ اگر آیۂ تطہیر سے ازواج نبی مراد ہوتیں تو ہرگز عائشہ اسلام پر خروج نہ کرتی اور امام وقت کی نافرمانی نہ کرتی اور اس خروج اور نافرمانی سے زیادہ کون سا رجس ہوگا علاوہ اس کے شیخ ابن حجر متاخر نے کتاب صواعق محرقہ کے باب عاشر میں ایک ایسا امر ذکر کیا ہے جو دلالت کرتا ہے اس بات پر کہ مراد اہل البیت سے اس آیت کے امثال میں اقارب قریبہ جناب رسالت مآب ؐ

التطهیر وبین الارادۃ المذکورۃ فی ھاتین الآیتین وامثالھما فرق لما کان لتخصیصھا باھل البیت علیھم معنی لانہ تعالٰی ارادبھا المدح لھم ولایحصل المدح الابوقوع الفعل کمامرّ **الخامس** انا لانسلّم دلالۃ الآیۃ علی زوال کل رجس لجواز ان یکون اللّام فی

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ذریت اُن کی مراد ہیں اور ازواج مراد نہیں چنانچہ ابن حجر نے کہا ہے کہ صحیح مسلم میں زید ابن ارقم سے روایت ہے اُنھوں نے کہا کہ فرمایا جناب رسول خدا صلعم نے اذکرکم اللہ فی اھل بیتی یعنے تم کو اپنے اہلبیت کے بارے میں خدا کو یاد دلاتا ہوں راوی حدیث بیان کرتا ہے کہ ہم نے زید ابن ارقم سے پوچھا کہ اہل بیت اُن جناب کے کون ہیں کیا آنحضرت کے ازواج ہیں زید ابن ارقم نے کہا کہ نہیں قسم بخدا بہ تحقیق کہ زوجہ اپنے شوہر کے ساتھ ایک مدّت تک رہتی ہے پھر جبکہ شوہر اپنی زوجہ کو طلاق دے دیتا ہے تو وہ اپنے باپ کے گھر چلی جاتی ہے اور اپنی قوم کی طرف رجوع کرتی ہے اہل بیت رسول آنحضرت کے اصل اور وہ اقارب ہیں کہ جو بعد جناب رسول خدا صلعم صدقہ سے محروم رہے (یعنی جن پر صدقہ حرام ہوا) اور یہ حدیث کتاب جامع اصول میں مذکور ہے جناب قاضی سید نور اللہ شستری فرماتے

الرجس للعهد الذهنی او الجنس دون الاستغراق فلا یثبت العصمة **والجواب** ان اللام محمل علے الاستغراق اذا لم یکن ثمة عهد خارجی و ایضا مقام المدح والامتنان علی اهل البیت الذین من جملتهم سید الانبیاء علیهم السلام تخصیص لطهارة

ہیں کہ زید ابن ارقم کے اس قول سے کہ زوجہ اپنے شوہر کے ساتھ ایک مدت تک رہتی ہے الی آخر الحدیث سے یہ سمجھا گیا ہے کہ اطلاق اہل بیت کا ازواج پر بنا بر حقیقت وضع لغت کے نہیں ہے بلکہ یہ اطلاق اطلاق مجازی ہے اور ممکن ہے کہ ابن حجر کی یہ توکہ جو امر لائق ہو اس امر کے کہ اس حدیث کے امثال میں اہل البیت سے مراد لی جائے اس سے آنحضرت کے وہی اصل و اقارب مراد ہوں کہ جنکی نسبت اُن جناب سے کبھی زائل نہیں ہو سکتی ہے نہ یہ کہ مراد اہلبیت سے ازواج ہو اور دونو طرح سے ہمارے مقصود کی تائید ہوتی ہے (قول مترجم یعنی خواہ یہ مراد لیجائے کہ اطلاق اہلبیت کا ازواج پر اطلاق مجازی ہے یا یہ کہ اس حدیث کے امثال میں اہل بیت سے ازواج کا مراد لینا مناسب نہیں ہے) **دوسرا اعتراض** اہلسنت کا یہ ہے کہ لفظ اهل البیت لغت میں مخصوص ازواج کے لیے ہے پس عدول کرنا مراد لینے میں سوائے ازواج کے غیر ازواج کی طرف مخالفت ہے، وضع لغت کی **جواب** اس اعتراض کا یہ ہے کہ ہم اس کو تسلیم نہیں کرتے ہیں کہ لفظ اهل البیت لغت میں مخصوص ہے

بهم ادلّ دلیل واعدل شاهد علی اذهاب جنس الرجس فلایبنا فی الاستغراق بل یستلزمه استلزاما ظاهراً و ایضا صحة الاستثناء معیار العموم کما حقق فی اصول الفقه و ایضا حمله علی العموم یستلزم عدم اجمال اللفظ وکثرة الفائدة فی کلام الشارع ولولم یعمّ لزم الاجمال ان لم یکن الرجس معیّناً اوالتحکم ان کان و

ازواج کے لیے اور اگر ایسا ہوتا تو جناب اُم سلمہ رضؓ اپنے نفس کو اہل بیت میں داخل ہونے کا سوال جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کبھی نہ کرتیں جیسا کہ اس کے متعلق ترمذی اور صاحب کتاب مصابیح کی روایت اوپر بیان ہوئی ہے اور اگر ہم اس بات کو تسلیم بھی کرلیں کہ لفظ اھل البیت زبان لغت میں ازواج ہی کے لیے مخصوص ہے تب بھی ہم یہ کہیں گے کہ نقل جائز ہے (یعنی نقل کرنا معنے لفظ اہل بیت کا طرف معنائے اقارب قریبہ کے جائز ہے) بلکہ نقل معنے جبکہ دلیل موجود ہو واجب ہے اور یہاں دلیل موجود ہے یعنی وہ احادیث جو کہ مذکور ہوئی ہیں **تیسرا اعتراض** یہ ہے کہ جو کچھ حدیثوں میں ذکر کیا گیا ہے اس کے معارض ہے۔ (یعنے اہلبیت کا منحصر ہونا خمسۂ نجباء میں) وہ روایت عوام سلمہ رضؓ سے مروی ہے کہ آن معظمہ نے جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

نقول بوجه آخر ان الرجس المعرّف باللام ليس بمعيّن حتّی یشار الیه ولو ار دنا ر جسا من الار جاس لم یکن للامتنان علیهم خاصة معنی اذ یشار کهم فیه غیرهم من الامّة فبقی ان یکون للاستغراق اولا ما جنسیا مفید النّفی طبیعة الرّجس عنهم فلا یوجد فیهم فرد منه حتّی لا یلزم وجود الطبیعة فیهم لان الطبیعة موجودة فی ذلك الفرد بلا ریبة کما مرّ علی انّ المفرد المحلّی باللام عند بعضهم

عرض کیا کہ کیا میں آپ کے اہل بیت سے نہیں ہوں تو آنحضرت نے اُس کے جواب میں ارشاد فرمایا کہ ہاں انشاء اللہ جواب اس اعتراض کا یہ ہے کہ اول تو ہم اس حدیث کی صحت سند ہی کو نہیں تسلیم کرتے ہیں اگر اس حدیث کی صحت سند کو بھی ہم تسلیم کر لیں تو ہم کہیں گے کہ جناب ام سلمہ کا اہل بیت سے ہونا اس روایت میں خداوند عالم کی مشیت پر موقوف ہے پس جناب ام سلمہ کا اہلبیت سے ہونا قطعاً نہیں قرار پایا لیکن اور جن ذوات مقدسہ سے رجس دُور کیا گیا ہے وہ وہی ہیں کہ جو قطعاً یقیناً اہلبیت رسول ہیں باوصف اسکے کہ اگر جناب ام سلمہ رض اہلبیت سے ہوتیں تو وہ معظمہ جناب رسولخدا صلعم سے ایسا سوال نہ کرتیں کہ آیا میں آپ کے اہلبیت سے نہیں ہوں کیونکہ جناب ام سلمہ اہل زبان سے ہیں (اُن کی ذات سے ایسی غلطی کرنا بعید ہے) اور اگر تعارض فرض بھی کر لیا جائے تو ترجیح ہمارے ہی مذہب کے ساتھ ہوگی اور یہ امر ظاہر ہے (یعنی اہل بیت کا خمسہ نجبا میں منحصر

ثم اقول الظاہر ان مناقشۃ الجمهور فی هذا المقام انما نشاء من حملهم البیت فی الآیة والحدیث علی البیت المبنی من الطین والخشب المشتمل علی الحجرات التی کان یسکنها النبی صلعم مع اهل بیته وانا واجد اذ لو ارید بالبیت ذلک لاحتمل ما فهموه لکن الظاهر ان المراد باهل البیت علی طبق قولهم اهل الله واهل القرآن واهل بیت النبوة و

ہونا راجح رہے گا بسبب اس کے کہ دلائل اس کے بکثرت احادیث سے موجود ہیں) **چوتھا اعتراض** یہ ہے کہ ظاہر معنی آیہ دلالت کرتا ہے اس بات پر کہ خدا کا ارادہ منحصر ہے اس بات میں کہ صرف اہل بیت علیہم السلام سے رجس کو دور کرے حالانکہ یہ بات ظاہر ہے کہ خدا نے ارادہ کیا ہے کہ رجس کو ہر شخص سے دور کرے پس ضروری ہے کہ کلام کے ظاہری معنی کو بدل دیں اور اسوقت میں آیت دلیل باقی نہ رہیگی اُس چیز کی جسکو فرقہ امامیہ مراد لیتے ہیں اور **جواب** اس کا یہ ہے کہ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے ہیں کہ خداوند عالم نے ارادہ کیا ہے کہ ہر شخص سے رجس کو دور کردے کیونکہ ارادہ باری تعالےٰ اُس کے افعال میں واجب الوقوع ہے اور یہ امر متفق علیہ ہے اور اس میں کچھ شک نہیں ہے کہ رجس کا دور کرنا فعل باری تعالےٰ ہے پس اگر مراد خداوند عالم کی یہ ہو کہ ہر شخص سے رجس کو دور کرے تو پھر ہر شخص سے رجس زائل ہو جائے گا حالانکہ ایسا نہیں ہے کہ خدا نے ہر شخص سے رجس کو زائل کردیا ہو اور اس امر کا قائل ہونا باطل

لا ریب ان ذلک منوط بحصول کمال الاھلیۃ والاستعداد المستعقب للتخصیص والتعیین من اللہ ورسولہ علی المتصف بہ کما وقع فی الآیۃ والحدیث ولھذا احتاجت ام سلمۃ رض الی السؤال عن اھلیتھا للدخول فیھم کما مرّ ھذا ولا یخفی ان الامامیۃ احتجوا فی کتبھم الاصولیۃ بالآیۃ المذکورۃ مع الحدیث الذی رواہ الترمذی عن ام سلمۃ رض علی

ہے کسی طرح صحیح نہیں ہے پس یہ امر بھی صحیح نہ ہوگا کہ خدا نے ہر شخص سے رجس دُور کرنے کا ارادہ کیا ہے ہاں البتہ خداوند عالم نے یہ ارادہ کیا ہے کہ ہر شخص سے رجس دُور ہو جائے نہ یہ کہ خداوند عالم نے ہر شخص سے رجس کے دور کرنے کا ارادہ کیا ہے پس غلط منشا تفرقہ نہ کرنا ہے درمیان میں ارادہ دُور ہونے اور ارادہ دُور کرنے کے اور خداوند عالم صواب کو زیادہ تر جانتا ہے نیز یہ کہ قول باری تعالیٰ یرید اللہ لیبین لکم اور قول باری تعالیٰ یرید اللہ بکم الیسر دونوں آیتوں میں لفظ عام ہے پس اگر ارادۂ مذکورۂ آیہ تطہیر اور ارادۂ مذکورہ آیتیں مذکورتین صدر اور انھیں کے مثل دوسری آیتوں میں کوئی فرق نہ ہوتا تو اس ارادہ کی خصوصیت پر اہل بیت علیہم السلام سے کوئی سعی نہ ہوتے کیونکہ خداوند عالم نے اس ارادہ سے اہلبیت علیہم السلام کی مدح کا قصد کیا ہے اور مدح جب ہی حاصل ہوتی ہے جبکہ فعل یعنی اذہاب رجس واقع ہو جائے نہ یہ کہ محض

بحجیۃ اجماع العترۃ الطاہرۃ وہم علی وفاطمۃ وابناہما علیہم
السلام وکذا احتجوا بقولہ علیہ السلام انی تارک فیکم
الثقلین ما ان تمسکتم بہ لن تضلوا کتاب اللہ وعترتی
اہلبیتی واعترض فخر الدین الرازی فی کتاب المحصول علی الاول
بان المراد باہل البیت زوجاتہ بقرینۃ ما قبل الآیۃ وما
بعدہا والتذکیر فی یطہرکم وعنکم لا یمنع من ارادتہن بل

مقصود ہو اور واقع نہ ہو) جیسا کہ اس کا بیان اوپر گذرا پانچواں اعتراض
یہ ہے کہ ہم تسلیم نہیں کرتے ہیں کہ آیت دلالت کرتی ہے کہ ہر رجس زائل کر دیا
جائے گا کیونکہ یہ امر جائز ہے کہ لام الرجس میں عہد ذہنی کے لیے ہو یا
جنس کے لیے ہو اور استغراق کے لیے نہ ہو پس عصمت ثابت نہ ہوگی
اور جواب اس کا یہ ہے کہ لام حمل کیا جاتا ہے استغراق پر جبکہ
یہاں کوئی عہد خارجی نہ ہو اور بھی یہ ہے کہ آیت مذکورہ مقام مدح
وامتنان میں واقع ہے اہل بیت علیہم السلام پر کہ منجملہ اُن کے
جناب سید الانبیاء محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہیں اور یہ
امتنان آنحضرات پر بہ سبب تخصیص طہارت آن حضرات کے کیا گیا
ہے اور یہ بہت بڑی دلیل اور بہترین شاہد ہے اس بات پر کہ جنسیت
رجس ان بزرگواروں سے دُور کی گئی ہے پس اگر لام جنس کے لیے بھی ہو
تو بھی منافی استغراق کے نہ ہوگا بلکہ مستلزم ہوگا اسی استغراق کا باستلزام

بل یمنع من القصر علیهن وحدیث لف الکساء معارض بما
روی عن ام سلمة انها قالت له الست من اهل بیتك
یا رسول الله فقال بلی ان شاء الله و اعترض علی الثانی
بان الحدیث من باب الاحاد وهو مردود وعند الامامیة سلمنا
لکن یدل علی ان مجموع الکتاب وقول العترة حجة لا علی ان قولهم

ظاہر اور نیز استثنا کا صحیح ہونا دلیل ہے عموم کی جیسا کہ تحقیق ہو چکا
ہے اصول فقہ میں (قول مترجم یعنے چونکہ رجس سے استثنا اس مقام پر
ہو سکتا تھا اور نہیں ہوا لہذا معلوم ہوا کہ اہل بیت سے ہر رجس کا دور کرنا
مقصود ہے) اور نیز یہ کہ حمل کرنا رجس کا عموم پر مستلزم ہے عدم اجمال
لفظ کو اور اکثرت فائدہ کو کلام شارع علیہ السّلام میں اور اگر عموم رجس
مراد نہ ہو تو اجمال لازم آئے گا اگر کوئی رجس معین نہ ہو اور اگر رجس
معین ہوگا تو تحکم لازم آئے گا (یعنے کسی امر کا بلا دلیل تسلیم کر لینا)
اور دوسری طرح ہم یوں کہتے ہیں کہ الرّجس معرف باللام ہے
کوئی رجس معین نہیں ہے تا کہ اُس کی طرف اشارہ کیا جائے اور اگر
ہم ارادہ کریں کسی خاص رجس کا رجس سے تو نہ ہوں گے ان حضرات پر
امتنان رکھنے کے کوئی خاص معنی اس لیے کہ اس بات میں اور بھی لوگ
بھی آنحضرات کے شریک ہیں یعنے بعض رجس اُن سے بھی دور
کیے گئے ہیں پس باقی رہا یہی امر کہ لام الرّجس کا لام استغراق ہو

وحدہ حجۃ وقال صاحب لحاصل مشیراالی اعتراض الرازی
علی وجھی احتجاج الامامیۃ وقد تعصب والا فالحجتان جیدتان
قال شارح التحصیل ایضاان ما قالہ الامام ومن تبعہ تعصب
کما قالہ بعض الفضلاء والا فالحجتان جیدتان علی القواعد
الاصولیۃ التی قررھا ھو وغیرہ وقال بعض الشافعیۃ من شارحی
المنھاج فی ھذا المقام ایضاً انہ لاشک ان اھل البیت فی مھبط
الوحی والنبی صلعم کان مدۃ حیوتہ مھتما بتربیتھم وارشادھم غایۃ
الاھتمام فکلما قالوابہ واتفقوا علیہ یکون اقرب الی الحق و
الصواب والبعد عن الخطاء والفساد وھذا المقدار کاف فی

یا یہ کہ الرجس پر لام جنسی ہو کہ جو مفید ہے نفی طبیعت رجس کے لیے اہلبیت
علیہم السلام سے پس نہ پائی جائے گی کوئی فرد رجس کی اُن میں سے
حتی کہ نہ لازم آئے گا پایا جانا طبیعت رجس کا اُن میں کیونکہ طبیعت موجود
ہے اس فرد میں بلاشک جیسا کہ اوپر بیان ہوا علاوہ اس کے کہ مفرد
محلّٰی باللام بعض کے نزدیک عام ہے (یعنے اگر رجس مفرد بھی ہو تو بھی
محلّی باللام ہونے کے سبب سے عام قرار پائے گا) پھر میں کہتا ہوں کہ
بظاہر مناقشہ جمہور کا اس مقام پر اس وجہ سے ہے کہ جمہور نے
آیت میں اور حدیث میں بیت سے وہ بیت مراد لیا ہے کہ جو مٹی
اور لکڑی سے بنایا گیا ہو اور وہ مشتمل ہے اُن حجروں پر کہ جن میں جناب

افادۃ المراد واقول فی دفع الاعتراض **الاوّل** انّ التذکیر فی یطہّرکم یمنع حتما من ارادتھن ولذا قال ابن حجر المتاخر فی الصواعق بعد ذکر ہذہ الآیۃ اکثر المفسّرین علی انھا نزلت فی علیّ وفاطمۃ والحسن والحسین لتذکیر ضمیر عنکم وما بعدہ ولو سلّم انّ مجرّد التذکیر فی یطہّرکم لا یمنع من ارادتھن لکن الطہارۃ الماخوذ فی یطہرکم تمنع منہ لدلالتھا علی العصمۃ وعصمۃ الازواج منفیۃ بالاتفاق وایضا انّ الآیۃ یضمّ الحدیث المرویّ عن

رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مع اہل بیت اور ازواج کے سکونت اختیار فرماتے تھے اس لیے کہ اگر ارادہ کیا جاتا گھر سے ایسا ہی گھر تو محتمل ہو سکتا تھا جس کو جمہور نے سمجھا ہے لیکن ظاہر یہ ہے کہ مراد اھل البیت سے اہل نبوت ہیں مطابق قول انھیں عرب کے ہے اھل اللہ اور اھل القرآن کچھ شک نہیں ہے کہ یہ امر یعنی اہلبیت نبوّت سے ہونا کمال اہلیّت اور استعداد پر موقوف ہے جس کے انجام میں متصف بہ کا خدا اور رسول خدا کی طرف سے منصوص اور معین ہونا لازم ہے جیسا کہ اہل بیت علیہم السّلام کا منصوص و معین بہ طہارت ہونا اس آیہ مبارکہ اور اس حدیث میں واقع ہوا ہے اور یہی وجہ ہے کہ جناب ام سلمہؓ کو اس بات کی ضرورت ہوئی کہ جناب رسالت مآب

ام سلمۃ تمنع من ارادۃ الازواج لدلالۃ الحدیث علی
خروج ام سلمۃ وھی من الازواج ولا قائل بالفصل فیدل
علی خروج الکل علی انہ قد یفھم من قولہ علیہ السّلام
ھؤلاء اھلبیتی القصر والحصر فانّ معناہ ھؤلاء اھل بیتی
دون غیرھم رداً علی من اعتقد انّ الازواج ایضا من
اھل البیت فیکون قصر افراد واما المعارضۃ بروایۃ
بلی انشاء اللہ فقد مرّ الجواب عنھا سابقا واما ذکرہ
اولا فی اعتراضہ الثانی من ان الحدیث من باب الآحاد

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کریں کہ آیا ان میں زمرۂ اہل بیت
علیہم السلام میں دخول کے قابلیت و اہلیت ہے یا نہیں جیسا کہ اس کے
متعلق حدیث گذر چکی ہے علاوہ اس کے مخفی نہ رہے کہ فرقہ امامیہ نے
اپنے کتب اصولیہ میں آیت مذکورہ سے مع اُس حدیث کے جس کو
ترمذی نے جناب ام سلمہ رضہ سے روایت کی ہے یہ احتجاج کیا ہے کہ
جس امر پر عترت طاہرہ اجماع کرے وہ حجت ہے اور عترت طاہرہ
جناب امیر المومنین علی علیہ السلام اور جناب فاطمہ زہرا اور اُن
کے دونوں فرزند حسنین علیہم السلام ہیں اور اسی طرح امامیہ نے
آنحضرت کی حدیث ثقلین سے احتجاج کیا ہے جس کو اُن جناب نے
یوں ارشاد فرمایا ہے کہ انی تارک فیکم الثقلین

وهو مردود عند الامامیة مردود بان هذا افتراء علیهم
والحدیث متواتر عندهم وقد صرح ابن حجر المتاخر
فی الصواعق المحرقة انه ورد عن نیف وعشرین صحابیا
فهو اذا متواتر عند اهل السنة وحجة علیهم وما ذکره
ثانیا مدفوع بان المتبادر من الحدیث التمسک بکل من
الکتاب والعترة فیدل علی کون العترة مستقلة بالهدایة
قال صاحب النقود والردود الحدیث یدل علی استقلال

ما ان تمسکتم به لن تضلوا بعدی کتاب اللہ وعترتی
اھل بیتی یعنی بہ تحقیق کہ میں تم سب کے درمیان میں دو گراں قدر
چیزیں چھوڑے جاتا ہوں اگر تم اُن سے تمسک کرتے رہوگے کبھی گمراہ
نہ ہوں گے اور وہ دونوں کتاب خدا اور عترت ہے میری کہ جو
اہلبیت ہیں میرے اور فخر الدین رازی نے اپنی کتاب محصول میں اعتراض
کیا ہے امر اوّل پر (یعنے آیت سے استدلال پر) اس طور سے کہ
بتحقیق مراد اہل بیت سے ازواج نبی صلعم ہیں بسبب قرینہ ماقبل
آیت اور مابعد آیت کے اور یطہّرکم اور عنکم میں ضمیر تذکیر کا
ہونا نہیں منع کرتا ہے ارادہ ازواج سے بلکہ ضمیر مذکر کا ہونا منع
کرتا ہے صرف اُن کے مراد ہونے سے یعنے یہ کہ ضمیر کی تذکیر اہلبیت
اور ازواج دونوں کے مراد ہونے سے مانع نہیں ہے بلکہ صرف ازواج

العترة بالهداية لكون الكتاب مستقلاً بها فلو لم يكن
العترة مستقلة بها لما جاز الجمع بين العترة والكتاب
بقوله انهما لانه كالجمع بين مباح ومحظور لكنه جمع بينهما
انتهى ثم اقول الاولى فى الرد ان العترة مستقلة بلا انضمام
الكتاب دون العكس والا لم يكن لهم مزية لان من عداهم
ايضا هذه المثابه ويؤيد هذا ما ذكره المولى الفاضل
العلامه قطب الدين الشيرازى الشافعى فى مكاتيبه
المشهوره حيث قال راه بے راہنمائے نمی تواں یافت و
گفتن آنکه چوں کتاب الله وسنت رسول صلعم درمیان ست بس است

کے مراد ہونے سے مانع نہیں ہے بلکہ صرف ازواج کے مراد ہونے سے مانع ہے لینے کی معارض
ہے اُس حدیث کے کہ جو جناب ام سلمہ رضہ سے منقول ہے جبکہ انھوں نے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آیا میں
آپ کے اہل بیت سے نہیں ہوں تو اُن جناب نے ارشاد فرمایا کہ
ہاں انشاء اللہ اور اعتراض کیا ہے فخرالدین رازی نے حدیث
ثقلین پر کہ یہ حدیث باب آحاد سے ہے اور وہی حدیث آحاد فرقہ
امامیہ کے نزدیک مردود ہے اگر ہم حدیث کو تسلیم بھی کر لیں تو حدیث
اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ مجموعہ کتاب اور قول عترت طاہرہ مل کر
حجت ہے نہ یہ کہ صرف قول عترت حجت ہو اور صاحب کتاب حاصل

چہ حاجت ست بآں ماند مریض گوید کہ چوں کتب ہست کہ اطبار نوشتہ اند چرا مرا با طبار مراجعت باید کرد کہ این سخن خطا ست برائے آنکہ ہر کس را فہم کتب طب میسر نیست و استنباط از اں نتواں کرد مراجعت با اہل استنباط می باید کرد کہ لو ردوہ الی الرسول والی اولی الامر منہم لعلمہ الذین یستنبطونہ منہم کتاب حقیقی صدور اہل علم ست کہ بل ھو آیات بیّنات فی صدور الذین اوتوا العلم نہ بطون دفاتر چنانچہ امیر المومنین علیہ السلام

فخر الدین رازی کے اعتراض کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جو انھوں نے امامیہ کی دونوں وجہوں پر کیا ہے یہ بیان کرتے ہیں کہ فخر الدین رازی نے تعصب کیا ہے ورنہ امامیہ کی یہ دونوں دلیلیں جیّد ہیں اور شارح کتاب التحصیل[1] نے بھی بیان کیا ہے کہ جو کچھ امام فخر الدین رازی اور اُن کے متبعین نے کہا ہے وہ تعصّب ہے جیسا کہ بعض فضلار اہل سنت نے اعتراف کیا ہے والّا یعنی اگر تعصب نہ کیا جائے تو دونوں دلیلیں جیّد ہیں اور مطابق ہیں اُن قواعد اصولیہ کے جن کو امام فخر الدّین رازی اور علاوہ اُن کے اوروں نے مقرر کیا ہے اور نیز اس

---

[1] کتاب التحصیل تصنیف ہے سراج الدّین ابو الثنا محمود بن ابی بکر الارموی المتوفی سنہ ۶۸۲ھ اثنین وثمانین وست مائۃ کی (دیکھو کشف الظنون) ۱۲

فرمود انا کلام اللہ الناطق وھذا کلام اللہ الصامت
انتھی کلامہ وبہ انتھی توضیح ما اردناہ والحمد للہ
رب العالمین والصلوٰۃ علی سیدنا محمد وآلہ الطاہرین
تمت الرسالۃ

اس مقام پر بعض شارحین کتاب منہاج نے کہ جو شافعیہ مذہب ہیں
کہا ہے کہ کچھ شک نہیں ہے کہ اہل بیت علیہم السلام مہبط وحی میں تھے
اور جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تا بحیات اپنی
اہلبیت کی تربیت وارشاد میں کمال درجہ اہتمام فرماتے تھے پس جو
کچھ کہ اہلبیت علیہم السلام نے فرمایا اور جس بات پر انھوں نے
اتفاق کیا وہ سب حق وصواب سے قریب تر ہوگا اور خطا وفساد
سے بالکل بعید ہوگا اور اتنا امر کافی ہے مفید مقصود ہونے میں یعنی
حجیت اجماع اہل بیت علیہم السلام میں، جناب قاضی سید نور اللہ
شستری طاب ثراہ فرماتے ہیں کہ میں دفع اعتراض اول فخر الدین
رازی کے لیے کہتا ہوں کہ ضمیر تذکیر لیطھرکم میں ازواج کے مراد
لینے سے قطعاً منع کرتی ہے اور اسی وجہ سے ابن حجر شافعی نے کتاب
صواعق میں اس آیہ مبارکہ کے ذکر کرنے کے بعد کہا ہے کہ اکثر مفسرین
اس امر کے قائل ہوئے ہیں کہ یہ آیہ کریمہ شان والا شان جناب امیر المومنین علی

اور فاطمہ اور حسن اور حسین علیہم السلام میں نازل ہوا ہے کیونکہ لفظ عنکم اور اس
کے مابعد میں ضمیر تذکیر واقع ہوئی ہے اور اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ مجرد ضمیر
تذکیر لفظ یطہرکم میں ارادہ ازواج سے نہیں منع کرتی ہے لیکن طہارت
جو یطہرکم میں مراد لی گئی ہے وہ ارادہ ازواج سے مانع ہے کیونکہ طہارت
دلالت کرتی ہے عصمت پر اور ازواج سے عصمت کا منفی ہونا باتفاق ثابت
ہے اور بھی یہ ہے کہ آیت مع شمول اُس حدیث کے جو جناب ام سلمہؓ سے
مروی ہے منع کرتی ہے ارادہ ازواج سے کیونکہ حدیث دلالت کرتی ہے
اس امر پر کہ جناب ام سلمہؓ زمرۂ اہل بیت علیہم السلام سے خارج ہیں حالانکہ
جناب اُم سلمہؓ ازواج نبی صلعم میں سے ہیں اور کوئی اس امر کا قائل نہیں
ہے کہ ام سلمہؓ داخل اہلبیت نہ ہوں اور دیگر ازواج داخل اہلبیت
ہوں پس یہ دلیل دلالت کرے گی اس بات پر کہ کل ازواج اہل بیت
سے خارج ہیں علاوہ بریں حضرت کے قول مبارک ھولآء اھلبیتی
سے قصر اور حصر مفہوم ہوتا ہے اس لیے کہ معنی اس قول کے یہ ہیں کہ یہی ہیں اہلبیت
میرے اور اُن کے غیر اہل بیت نہیں ہیں اور مقصود اس کلام سے رد ہے
اُس شخص کے اعتقاد کی جو اہلبیت سے ازواج کو مراد لیتا ہے پس ایسی
حالت میں یہ کلام قصر افراد ہوگا اور جو فخر رازی نے کہا ہے کہ یہ حدیث
معارض ہے اُس روایت سے کہ جناب ام سلمہؓ سے آنحضرتؐ نے اُن کے
سوال کے جواب فرمایا کہ بلی انشاءاللہ یعنے ہاں اگر خدا نے چاہا تو تم
اہل بیت میں داخل ہو گی تو اس کا جواب اس کے قبل گذر چکا ہے (قول

مترجم کہ اولاً یہ روایت صحیح نہیں ہے دوسرے بفرض صحت دخول جناب ام سلمہ رضہ کا بزمرۂ اہلبیت مشیت الٰہی پر موقوف کیا گیا ہے نہ کہ قطعاً اُن معظمہ کا اہل بیت سے ہونا) اور فخر الدین رازی نے اولاً جواب دوسرے اعتراض میں یہ امر ذکر کیا ہے کہ یہ حدیث باب آحاد سے ہے اور وہ فرقہ امامیہ کے نزدیک مردود ہے تو یہ اعتراض مردود ہے بایں طور کہ یہ ایک افتراء ہے امامیہ پر کیونکہ حدیث ثقلین اُن کے نزدیک متواتر ہے اور بتحقیق کہ ابن حجر نے کتاب صواعق محرقہ میں اس کی تصریح کی ہے کہ حدیث مذکور بیس سے زاید صحابیوں سے مروی ہے پس اس وقت میں وہ اہل سنت کے نزدیک بھی متواتر ہوگی اور اُن پر حجت ہوگی اور ثانیاً جو فخر رازی نے اعتراض کیا ہے کہ حدیث ثقلین دلالت کرتی ہے اس پر کہ مجموع کتاب وقول عترت حجت ہے پس یہ مدفوع ہے کیونکہ حدیث سے بہ سبقت ذہن یہ امر سمجھا جاتا ہے کہ تمسک کیا جائے ہر واحد سے یعنے کتاب خدا اور عترت طاہرہ ہر ایک اُن دونوں سے بجائے خود واجب التمسک ہے پس یہ دلالت کرے گا کہ عترت مستقل ہے ہدایت میں اور صاحب کتاب نقود وردو[1] نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ حدیث دلالت کرتی ہے اس امر پر کہ عترت طاہرہ

---

[1] کتاب النقود والردود تصنیف ہے اکمل الدین محمد بن محمود البابرتی الحنفی المتوفی ۷۸۶ھ سنہ ست وثمانین وسبع مائۃ کی۔ دیکھو کشف الظنون ۱۲۔

مستقل ہے ہدایت میں کیونکہ کتاب خدا استقل ہے ساتھ ہدایت کے
پس اگر عترت طاہرہ ہدایت میں مستقل نہ ہوتی تو آں حضرت صلعم کو
عترت طاہرہ اور کتابِ خدا کا جمع کرنا لفظ بھما[۲] کے ساتھ جائز نہ ہوتا
کیونکہ یہ جمع کرنا درمیان میں کتاب خدا اور عترت طاہرہ کے بنا بر عدم
استقلال کے ایسا ہے کہ جیسے جمع کرنا درمیان میں مباح اور حرام کے
ہو لیکن آنحضرت صلعم نے جمع فرمایا ہے درمیان کتابِ خدا اور عترت
طاہرہ کے پس معلوم ہوا کہ استقلال حق ہے انتہی ہوا کلام صاحب
نقود و ورود کا جناب قاضی سید نور اللہ تستری علیہ الرحمہ فرماتے
ہیں کہ پھر میں کہتا ہوں کہ اولے رد کلام فخر رازی میں یہ ہے کہ
عترت طاہرہ مستقل ہے ہدایت میں بغیر اس امر کے کہ کتاب خدا اُس
کے ساتھ منضم کی جائے اور اس کا عکس جائز نہیں ہے یعنی یہ کہ کتاب خدا
مستقل ہو ہدایت میں اور عترت طاہرہ اُس کے ساتھ منضم نہ کی جائے
اور اگر ایسا نہ ہوتا تو اہل بیت علیہم السلام کے لیے کوئی مزیت اور افضلیت
نہ ہوتی اس لیے کہ جو لوگ عترت طاہرہ کے علاوہ ہیں وہ بھی ایسے ہو سکتے
ہیں کہ خدا کتاب خدا کے ساتھ ہدایت کر سکیں اور اس قول کی تائید

---

[۲] اصل حدیث میں جناب رسالت مآب صلعم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ما ان تمسکتم
بھما لن تضلوا یعنی جس وقت تک تم لوگ کتاب خدا اور عترت دونوں سے تمسک
کرتے رہوگے کبھی گمراہ نہ ہوگے۔ ۱۲

میں فاضل کامل قطب الدین شیرازی شافعی نے اپنے مکاتیب مشہورہ میں بیان کیا ہے جیسا کہ لکھتے ہیں کہ کوئی شخص راستہ بغیر راہ دکھلانے والے کے نہیں پاسکتا ہے اور یہ کہنا چونکہ کتاب خدا اور سنّت رسول صلعم ہمارے درمیان میں موجود ہے پس ہادی کی کیا ضرورت ہے مشابہ ہے اس بات کے کہ کوئی مریض کہے کہ چونکہ کتب طبیہ موجود ہیں اطبا کی طرف رجوع کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے اور یہ قول خطا ہے کیونکہ ہر شخص کے لیے کتب طب کا سمجھ لینا اور اُن سے مطالب کا استخراج کر لینا میسّر نہیں ہے پس لازم آئے گا کہ جو کتب مذکورہ سے استنباط کر سکے اُس کی طرف رجوع کرنا ضروری ہو کیونکہ باری تعالےٰ کا ارشاد ہے:۔ لو ردوہ الی الرسول والی اولی الامر لعلمہ الذین یستنطونہ منھم یعنے اگر اُس امر کو رسول اور اولی الامر کی طرف وہ لوگ رد کرتے تو اُن میں سے وہی اولی الامر کہ جو استنباط کر سکتے ہیں یقیناً جان لیتے اور کتاب حقیقی صدور اہل علم ہیں جیسا کہ خداوند عالم ارشاد فرماتا ہے بل ھو آیات بیّنات فی صدور الذین اوتو العلم بلکہ وہی قرآن کھُلی آیتیں ہیں سینوں میں اُن لوگوں کے جو دے گئے ہیں علم کو اور وہ کتاب حقیقی بطون دفاتر میں نہیں ہے جیسا کہ جناب امیر المومنین علیہ السّلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ انا کلام اللہ الناطق وھذا کلام اللہ الصامت یعنی میں کلام اللہ ناطق ہوں اور

یہ کلام خدا قرآن مجید کلام صامت ہے ختم ہوا کلام قطب الدین شیرازی شافعی کا اور اسی کلام پر ہم بھی اپنی توضیح کو ختم کرتے ہیں کیونکہ اسی قدر اس آیہ مبارکہ میں بیان کرنا ہمارا مقصود تھا والحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ علیٰ سیدنا محمّد وآلہ الطاہرینؑ

سنہ ولادت جناب قاضی سیّد نور اللہ

شہید ثالث علیہ الرحمۃ سنہ ۹۵۶ھ

وشہادت روز جمعہ ہجدہم ۲۶ ماہ جمادی الآخرہ سنہ ۱۰۱۹ھ

ہمی باشد

حالات شہید ثالث قاضی نور اللہ

شوشتری علیہ الرحمہ متوفی سنہ ۱۰۱۹ھ

باپ کے حالات بیٹے کے قلم سے

جناب شہید ثالث علیہ الرحمہ کے بڑے فرزند ارجمند علامہ علاء الملک ایک جید عالم و شہرہ آفاق و باکمال انسان تھے شاہزادہ محمد شجاع خلف شاہجہاں بادشاہ کے معلم تھے موصوف نے اپنے خانوادہ کے حالات میں محفل فردوس کے نام سے ایک کتاب تصنیف کی ہے جس میں اپنے والد ماجد کے حالات بھی قلمبند کیے ہیں ہم یہاں پر اس کا خلاصہ تحریر کرتے ہیں۔ موصوف فرماتے ہیں کہ:۔

مظہر فیض الہ مورد مثال (آیہ) کریمہ مثل نورہ نور اللہ بن شریف حسینی نور اللہ مرقدہ ہمان افراد میں داخل ہیں کہ اُن کے ابتدائے کلام و داستان کی سُرخی ہر باب کی پیشانی پر مثل صندل سُرخ ظاہر و نمایاں۔ ان کا قلم تو تراشیدہ و خوش نوشت قلم وحی الہام سے ملتا جلتا ان کا طریقہ اجتہاد رونق دین مبین اُن کے عقائد کی درستی سے ملت کے امور شکست سے محفوظ اُن کا انداز تدارک و تحریر شگفتگی دل و مذہب کے لیے مومیا اثر ان کے بلندی اساس ایمان کا ظہور مثل بروج فلک، مجالس المومنین کے بارہ ابواب سے ظاہر و ہویدا۔

حضرت نور اللہ نور اللہ مرقدہٗ نے ماہ ربیع الثانی ۹۷۹ھ میں زیارت و تحصیل علوم و تکمیل نفس قدسی کے لیے شوستر سے مشہد امام رضا علیہ السلام کا قصد کر نے علوم دینیہ و معارف یقینیہ میں ہمہ تن مشغول ہو گئے اور محقق تحریر مولانا عبدالواحد و دیگر علماء اعلام سے استفادہ حاصل کرنے لگے لیکن حوادث زمانہ و فتنہ فسانہ و مصائب و آلام کے سبب سے ابتدائے شوال ۹۹۰ھ میں وہاں سے ہندوستان کے لیے روانہ ہو گئے یہاں پہونچکر مقربان شہریار جم جاہ جلال الدین محمد اکبر میں داخل ہو گئے چونکہ بادشاہ کی عنایت اُن کی طرف بہت زیادہ تھی اسلیے بہت بڑے بڑے عہدے اُن کے سپرد کیے گئے اور فوج کے قاضی القضاۃ ایسے اہم عہدے پر ان کو معین کر دیا گیا۔

اس جگہ اس حکایت کا تذکرہ مناسب ہے کہ ایک دن مشاہیر علمائے لاہور میں سے ملائے عصمۃ اللہ حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا آیہ کریمہ "اذا بلغت الحلقوم" اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ روح بھی جسم ہے اسلیے کہ اگر روح مجرد ہوتی تو اس کا حلقوم تک پہونچنا کوئی معنی نہیں رکھتا ہے جناب قاضی صاحب نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ اس آیت میں قبل روح کا ذکر نہیں آیا ہے اسلیے لفظ بلغت کی ضمیر ادھر نہیں پلٹ سکتی ہے بلکہ ظاہر یہ ہے کہ یہ ضمیر قلوب کی طرف پلٹ رہی ہے (اور آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ جب دل گلے تک پہونچ جائیں گے جیسا کہ دوسری آیت میں ہے "بلغت القلوب الحناجر" دل گلے تک پہونچگئے۔ یہ جواب سنکر وہ ایسا مبہوت ہو گیا کہ گویا اُس کے منھ میں پتھر بھر دیے گئے تھے۔

موصوف کے ان افادات میں جو اُن کی بلندی مراتب و کمالات علمیہ و علو فطرت

اور جلد مطالب عالیہ تک پہونچنے پر دلالت کرتے ہیں وہ مسئلہ بھی جسے والد ماجد اس طرح
بیان فرماتے ہیں کہ جب سید فاضل عزالدین فضل اللہ یزدی رحمۃ اللہ علیہ زیارت مشہد
رضوی علیہ الاف التحیۃ والثنار کے لیے حاضر ہوئے تو ایکدن میرے عم معظم و مخدوم مکرم جناب
صدر رحمۃ اللہ کیخدمت میں تشریف لائے میں بھی اسوقت بہت سے بزرگوں اور ممتاز افراد
کے ساتھ حاضر خدمت تھا تو انھوں نے اپنے سفر حج کے واقعات کا تذکرہ شروع کر دیا اور
ان افراد کے حالات بیان کرنے لگے جن سے اس سفر مبارک میں ملاقات کی تھی۔ چنانچہ
انھیں افراد میں شیخ ابوالحسن بکری شافعی مصری کا تذکرہ بھی کیا اور یہ بیان کیا کہ وہ
ایک مرد با فضل و منصف مزاج تھے تعصب مذہبی سے بہت دور رہا کرتے تھے۔ میں ان کی
خدمت میں اکثر حاضر ہوتا تھا اور مذہب اہلسنت و شیعہ کے مشکل مسائل کو اُن سے حل کیا
کرتا تھا وہ ان مسائل کے جوابات نہایت لطیف و عمدہ عنوان سے دیا کرتے تھے ایکدن میں
انکی خدمت میں عرض کیا کہ شیعوں کے اس قول کے کیا معنی ہیں کہ انبیار قبل بعثت
و نبوت بھی معصوم ہوتے ہیں حالانکہ قبل نبوت نبی نہ دین ہوتا ہے نہ شریعت جس کے
احکام کے مطابق ان سے مواخذہ کیا جائے شیخ ابوالحسن نے اس کا جواب دیا کہ شیعوں کی مراد
اس قول سے یہ ہے کہ چونکہ نبی کی فطرت سالم اور طینت پاکیزہ ہوتی ہے اسلیے اگر قبل بعثت
و نبوت بھی کوئی شریعت موجود ہوتی تو اُن سے کوئی ایسا فعل سرزد نہ ہوتا جس سے
اس شریعت کے لحاظ سے اُن سے مواخذہ کیا جاسکتا۔ میں نے جب سید مذکور سے یہ جواب
سُنا تو میرے دل میں اس سے بھی قوی و مضبوط جواب سمجھ میں آیا لیکن میں اس زمانہ
میں اس زمانہ میں مبتدی تھا اور شرح ہدایت الحکمۃ اور اسی کے مانند کتابیں پڑھا کرتا
تھا اسلیے میرے دل میں اس فاضل بزرگ کی ہیبت پیدا ہوئی اور جواب پیش کرنے کی

ہمت نہ ہوتی تھی لیکن دل مجبور کرتا تھا کہ اپنا جواب ضرور پیش کر دیا بالآخر مجھ میں طاقت صبر باقی نہ رہی اور میں نے اپنے چچا جناب صدر کے سامنے اپنا جواب پیش ہی کر دیا اور عرض کیا کہ اس اشکال کی رد کیلیے شیعوں کو اس شیخ اہلسنت کے جواب کی ضرورت نہیں ہے اسلیے کہ اصول شیعہ میں قاعدہ حسن و قبح عقلی داخل ہے اسلیے اگر بعثت سے قبل ان کی طرف حکم شریعت متوجہ بھی نہیں تھا لیکن قاعدہ حسن و قبح عقلی کے اعتبار سے اب ارتکاب معاصی پر مواخذہ کیا جاسکتا تھا اسلیے انبیاء کا قبل بعثت بھی معصوم ہونا ضروری ہے۔

چچا صاحب کے حاضرین محفل نے میرے اس جواب کو بہت پسند کیا اور بہت تعریف کی والحمد للہ رب العالمین۔

اسکے بعد مصنفات کی فہرست تحریر کی ہے جن کی تعداد پچانوے ہے ہم اختصار کے سبب اُسے ترک کرتے ہیں ان مصنفات میں دیوان قصائد کا بھی ذکر ہے اور قصائد میں سے ایک قصیدہ محفل فردوس میں درج بھی کیا ہے۔

آخر میں یہ تحریر کیا ہے کہ حضرت میر نور اللہ کا مرقد دارالسلطنت آگرہ میں ہے وہیں جوار رحمت ایزدی اختیار کیا تھا اور حسب ذیل قطعے سے تاریخ وفات ظاہر ہوتی ہے۔

سر اکابر آفاق میر نور اللہ	سپہر فضل و حید زمانہ پاک سرشت
بنیمۂ شب بست و ششم از ربیع آخر	وزیں خرابہ رواں شد بسوئے قصر بہشت

جناب مولوی مرزا احمد ہادی صاحب عزیز نے جناب شہید کا سن ولادت سنہ ۹۵۶ھ بغیر کسی کتاب کے حوالہ کے تحریر فرمایا ہے۔

التنویر فی بیان التطہیر

مصنفہ
شہید ثالث قاضی نور اللہ شوستری
متوفی سنہ ۱۰۱۹ ہجری